سیدنا عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ایک آدمی کا ذکر کیا گیا جو ساری رات صبح تک سویا رہا تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

اس کے کانوں میں شیطان نے پیشاب کر دیا ہے۔ یا فرمایا: اس کے کان میں۔

-☆-

السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۳۰۴)	جلد۲	صفحہ۱۱۶
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۳۵۵۷)	جلد۳	صفحہ۴۸۵
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۹۴۱)	جلد۱	صفحہ۴۹۸
قال المحقق	صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۶۴۴)	جلد۱	صفحہ۴۰۹
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۵۶۲)	جلد۶	صفحہ۳۰۲
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح		

اللہ تعالیٰ کو بھول جانے والوں کے بچوں پر شیطان مسلط ہوتا ہے

عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – عَنِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ :

لَوْ اَنَّ اَحَدَكُمْ إِذَا اَرَادَ اَنْ يَاْتِيَ اَهْلَهُ قَالَ :

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ ! جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا ، ثُمَّ قُدِّرَ اَنْ يَكُوْنَ بَيْنَهُمَا وَلَدٌ فِي ذٰلِكَ لَمْ يَضُرَّهُ شَيْطَانٌ اَبَدًا.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۱۴۱)	جلد ۱	صفحہ ۴۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۷۱)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۰۹
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۸۳)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۱۱
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۱۶۵)	جلد ۳	صفحہ ۱۶۶۲
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۳۸۸)	جلد ۴	صفحہ ۲۰۰۶
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۳۹۶)	جلد ۴	صفحہ ۲۳۰۹
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۴۳۴)	جلد ۲	صفحہ ۱۰۵۸
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۰۹۲)	جلد ۱	صفحہ ۵۵۴
قال الالبانی:	صحیح		

ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

تم میں سے کوئی جب اپنی اہلیہ کے پاس جانے کا ارادہ کرے تو کہے:

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ ! جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا

اللہ کے نام سے، اے اللہ! ہم کو شیطان سے دور رکھنا اور شیطان کو اس سے بھی دور رکھنا جو تو اولاد ہمیں عطا فرمائے۔

پھر اگر ان کے مقدر میں اولاد ہوئی تو اسے شیطان ساری زندگی ضرر و نقصان نہ دے سکے گا۔

-☆-

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۲۳۵۲)	جلد ۳	صفحہ ۳
صحیح سنن ابی داود	رقم الحدیث (۲۱۶۱)	جلد ۱	صفحہ ۴۰۱
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۲۳۱)	جلد ۲	صفحہ ۹۳۰
قال الالبانی:	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۱۹۱۹)	جلد ۲	صفحہ ۴۵۲
قال محمود محمد محمود	الحدیث متفق علیہ		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۸۳)	جلد ۳	صفحہ ۲۶۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۸۹۸۱)	جلد ۸	صفحہ ۲۰۵
السنن الکبری	رقم الحدیث (۸۹۸۲)	جلد ۸	صفحہ ۲۰۶
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۲۳)	جلد ۹	صفحہ ۱۰۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۲۵)	جلد ۹	صفحہ ۱۰۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۲۷)	جلد ۹	صفحہ ۱۰۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۲۸)	جلد ۹	صفحہ ۱۰۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۰۲۹)	جلد ۹	صفحہ ۱۱۰
الارواء الغلیل	رقم الحدیث (۲۰۱۲)	جلد ۷	صفحہ ۷۵
قال الالبانی	صحیح		

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١٨٦٧)	جلد٢	صفحہ٤٣٢
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١٩٠٨)	جلد٢	صفحہ٤٢٧
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (٢١٧٨)	جلد٣	صفحہ٥
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (٢٥٥٥)	جلد٣	صفحہ١٥٦
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (٢٥٩٧)	جلد٣	صفحہ١٢٩
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		

برے خواب شیطان کی طرف سے ہیں
اللہ کی پناہ وحفاظت مانگنی چاہئے اس خواب کے شر سے اور
اسکا ذکر کسی سے نہ کرنا چاہئے

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وآلِہٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اِذَا رَاٰی اَحَدُکُمْ رُؤْیَا یُحِبُّھَا ، فَاِنَّمَا ھِیَ مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی ، فَلْیَحْمَدِ اللّٰہِ عَلَیْھَا ، وَلْیُحَدِّثْ بِھَا ، وَاِذَا رَاٰی غَیْرَ ذٰلِکَ مِمَّا یَکْرَہُ ، فَاِنَّمَا ھِیَ مِنَ الشَّیْطَانِ ، فَلْیَسْتَعِذْ مِنْ شَرِّھَا ، وَلَا یَذْکُرْھَا لِاَحَدٍ ، فَاِنَّھَا لَا تَضُرُّہُ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۹۸۵)	جلد۴	صفحہ ۲۱۸۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۰۴۵)	جلد۴	صفحہ ۲۲۰۴
السنن الکبری	رقم الحدیث (۷۶۰۵)	جلد۷	صفحہ ۱۱۷
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۶۳)	جلد۹	صفحہ ۳۲۹
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۹۹۵)	جلد۱۰	صفحہ ۲۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمۃ الحدیث:

حضرت ابو سعید خدری - رضی اللہ عنہ - سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم - صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم - نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کوئی آدمی اچھا خواب دیکھے تو وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے، پس وہ اس پر اللہ تعالیٰ کی حمد کرے، اس کا شکر ادا کرے اور اسے بیان کردے۔ اور جب اس کے برعکس نا مناسب خواب دیکھے جسے وہ پسند نہ کرتا ہو تو وہ شیطان کی طرف سے ہے۔ پس وہ اللہ تعالیٰ کی حفاظت و پناہ مانگے شیطان کے شر سے یعنی:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ پڑھے اور کسی کے سامنے اسے بیان نہ کرے اس وجہ سے وہ اسے نقصان نہیں دے گا۔

-☆-

صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۵۹۸)	جلد ۲	صفحہ ۲۶۰
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۳۳۸۴)	جلد ۲	صفحہ ۴۵۱
قال المحقق	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۳۹)	جلد ۱	صفحہ ۱۵۶
قال الالبانی:	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۵۵۰)	جلد ۱	صفحہ ۱۵۶
قال الالبانی:	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۹۹۱)	جلد ۲	صفحہ ۳۲۷
قال المحقق	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۳۵۳)	جلد ۳	صفحہ ۴۴۳
قال الالبانی	صحیح		

برے خواب شیطان کی طرف سے ہیں
اس وقت تین مرتبہ بائیں تھوکنا چاہیے اور
اللہ تعالیٰ کی پناہ وحفاظت مانگنی چاہیے شیطان کے شر سے

عَنْ اَبِی قَتَادَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ النَّبِیُّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اَلرُّؤْیَا الصَّالِحَةَ مِنَ اللّٰهِ ، وَالْحُلْمُ مِنَ الشَّیْطَانِ ، فَمَنْ رَاٰی شَیْئًا یَکْرَهُهٗ فَلْیَنْفُثْ عَنْ شِمَالِهٖ ثَلَاثًا وَلْیَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ فَاِنَّهَا لَا تَضُرُّهٗ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۹۲)	جلد۲	صفحہ۱۰۱۲
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۷۴۷)	جلد۴	صفحہ۱۸۳۵
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۹۸۴)	جلد۴	صفحہ۲۱۸۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۹۸۶)	جلد۴	صفحہ۲۱۸۷
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۹۹۵)	جلد۴	صفحہ۲۱۹۱
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۰۴۴)	جلد۴	صفحہ۲۲۰۴
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۷۰۰۵)	جلد۴	صفحہ۲۱۹۳
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۲۶۱)	جلد۴	صفحہ۱۷۷۲

ترجمة الحديث:

حضرت ابوقتادہ -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

نیک خواب اللہ تعالٰی کی طرف سے ہے اور برا خواب شیطان کی طرف سے ہے۔پس جو آدمی خواب میں ایسی کوئی چیز دیکھے جسے وہ ناپسند کرتا ہو تو اپنی بائیں جانب تین مرتبہ تھوک دے اور اللہ تعالٰی کی پناہ وحفاظت مانگے شیطان کے شر سے پس یہ خواب اسے نقصان نہیں پہنچائے گا۔

-☆-

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۹۰۲)	جلد۴	صفحہ۱۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۹۰۳)	جلد۴	صفحہ۱۲
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۵۰۲۱)	جلد۳	صفحہ۲۴۳
قال الالبانی:	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۹۰۹)	جلد۴	صفحہ۳۴۳
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۴۴۳)	جلد۱۶	صفحہ۳۴۱
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۷۵۸۰)	جلد۷	صفحہ۱۰۵
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۴۸۲)	جلد۱۶	صفحہ۳۵۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۴۹۲)	جلد۱۶	صفحہ۳۶۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۴۹۷)	جلد۱۶	صفحہ۳۶۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۵۴۳)	جلد۱۶	صفحہ۳۷۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۵۴۴)	جلد۱۶	صفحہ۳۷۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۵۳۵)	جلد۳	صفحہ۳۰۰
قال الالبانی	متفق علیہ		

صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۵۹۸)	جلد ۲	صفحہ ۲۶۰
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۳۸۳)	جلد ۲	صفحہ ۴۵۲
قال المحقق	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۰۵۸)	جلد ۱۳	صفحہ ۴۲۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط البخاری		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۰۵۹)	جلد ۱۳	صفحہ ۴۲۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۵۳۱)	جلد ۱	صفحہ ۶۶۲
قال الالبانی:	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۶۰۸۷)	جلد ۷	صفحہ ۱۱۸
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۶۴)	جلد ۹	صفحہ ۳۲۹
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۶۷)	جلد ۹	صفحہ ۳۳۰
السنن الکبری	رقم الحدیث (۱۰۶۶۸)	جلد ۹	صفحہ ۳۳۰
جامع الاصول	رقم الحدیث (۹۹۰)	جلد ۲	صفحہ ۳۳۵
قال المحقق	صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۳۷۷)	جلد ۳	صفحہ ۵۱۲
قال الالبانی	صحیح		

شیطان جو خواب میں کھیلے
اس کا لوگوں سے ذکر نہ کیجئے

عَنْ جَابِرٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ :

جَاءَ اَعْرَابِيٌّ اِلَى النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – فَقَالَ :

يَارَسُوْلَ اللّٰهِ ! رَاَيْتُ فِي الْمَنَامِ كَاَنَّ رَاْسِي ضُرِبَ فَتَدَحْرَجَ فَاشْتَدَدْتُ عَلَى اَثَرِهٖ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وآلِهٖ وَسَلَّمَ – لِلْاَعْرَابِيِّ :

لَا تُحَدِّثِ النَّاسَ بِتَلَعُّبِ الشَّيْطَانِ بِكَ فِي مَنَامِكَ . وَقَالَ : سَمِعْتُ النَّبِيَّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – بَعْدُ يَخْطُبُ فَقَالَ :

لَا يُحَدِّثَنَّ اَحَدُكُمْ بِتَلَعُّبِ الشَّيْطَانِ بِهٖ فِيْ مَنَامِهٖ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۲۶۸)	جلد ۴	صفحہ ۱۷۷۶
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۷۶۱۰)	جلد ۷	صفحہ ۱۱۹
السنن الکبریٰ	رقم الحدیث (۱۰۶۸۳)	جلد ۹	صفحہ ۳۳۵
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۳۳۰)	جلد ۱۱	صفحہ ۴۳۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحدیث،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک اعرابی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا اور عرض کی:

یارسول اللہ! میں نے خواب میں دیکھا گویا میرے سر پر ضربیں لگائی جا رہی ہیں پھر وہ کٹ کر لڑھکنے لگا تو میں اس کے پیچھے تیزی سے جا رہا ہوں۔ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اعرابی سے فرمایا:

لوگوں سے بیان نہ کرو جو خواب میں شیطان تیرے ساتھ کھیلتا ہے۔ حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

میں نے اس کے بعد سنا حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خطبہ ارشاد فرما رہے تھے:

تم میں سے کوئی بھی بیان نہ کرے جو خواب میں شیطان اس سے کھیلے۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۷۱۵)	جلد ۱۱	صفحہ ۵۳۹
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۶۰۵۶)	جلد ۱۳	صفحہ ۳۲۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۹۱۲)	جلد ۴	صفحہ ۳۲۲
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		

غصے کے وقت

شیطان مسلط ہو جاتا ہے

عَنْ اَبِی هُرَیْرَةَ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – :

اَنَّ رَجُلًا قَالَ لِلنَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – :اَوْصِنِی ، قَالَ:

لَا تَغْضَبْ ، فَرَدَّدَ مِرَارًا ، قَالَ : لَا تَغْضَبْ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۶۱۱۶)	جلد۴	صفحہ ۱۹۳۸
سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۰۲۰)	جلد۳	صفحہ ۵۴۶
قال الترمذی:	ھذا الحدیث حسن صحیح غریب		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۰۲۰)	جلد۲	صفحہ ۳۸۶
قال الالبانی:	صحیح		
السنن الکبری للبیہقی	رقم الحدیث (۲۰۲۷۹)	جلد۱۰	صفحہ ۱۸۵
قال البیہقی:	رواہ البخاری فی الصحیح		
شرح السنۃ للبغوی	رقم الحدیث (۳۵۸۵)	جلد۱۳	صفحہ ۱۵۹
قال البغوی:	ھذا الحدیث صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۷۴۹)	جلد۸	صفحہ ۲۵۶
قال احمد محمد شاکر:	اسنادہ صحیح		

ترجمة الحديث :

حضرت ابوہریرہ -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے:

ایک آدمی نے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے عرض کی:

یارسول اللہ! مجھے وصیت فرمایئے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

غصہ نہ کیا کرو۔اس نے کئی مرتبہ اپنی درخواست دہرائی تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہر مرتبہ فرمایا:

غصہ نہ کیا کرو۔

-☆-

غصہ کے وقت

گالیاں دینا، چہرہ سرخ ہو جانا اور

رگیں پھول جانا

شیطان کے اثر سے ہے

عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ صُرَدٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

كُنْتُ جَالِسًا مَعَ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – وَرَجُلَانِ يَسْتَبَّانِ، وَاَحَدُهُمَا قَدِ احْمَرَّ وَجْهُهُ، وَانْتَفَخَتْ اَوْدَاجُهُ، فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ –:

اِنِّي لَأَعْلَمُ كَلِمَةً لَوْ قَالَهَا لَذَهَبَ عَنْهُ مَا يَجِدُ لَوْ قَالَ:

اَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ، ذَهَبَ مِنْهُ مَا يَجِدُ، فَقَالُوا لَهُ:

اِنَّ النَّبِيَّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – قَالَ:

تَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ۔

ترجمة الحديث :

حضرت سلیمان بن صرد رضی اللہ عنہ نے بیان فرمایا:

میں حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی معیت میں بیٹھا تھا اور دو آدمی ایک دوسرے کو گالیاں دے رہے تھے۔ ان میں سے ایک کا چہرہ سرخ ہوگیا اور اس کی رگیں پھول گئیں تو حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بیشک میں ایک کلمہ جانتا ہوں اگر یہ اسے پڑھ لیتا تو اس کا غصہ جاتا رہتا کاش کہ وہ پڑھ لے۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ.

میں اللہ کی پناہ وحفاظت میں آتا ہوں مردود شیطان کے شر سے۔ تو اس کا غضب وغصہ دور ہو جائے گا۔

صحابہ کرام رضی اللہ عنہم نے اس آدمی سے کہا:

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ارشاد فرماتے ہیں:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ. پڑھئے

-☆-

صحیح البخاری	رقم الحدیث (٦١١٥)	جلد٣	صفحہ١٩٣٨
صحیح مسلم	رقم الحدیث (٢٦١٠)	جلد٣	صفحہ١٩٧
فتح الباری	رقم الحدیث (٦١١٥)	جلد١٠	صفحہ٥١٨
سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (٤٧٨٠)	جلد٣	صفحہ٩١
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (٤٧٨١)	جلد٥	صفحہ٩٢
جامع الاصول	رقم الحدیث (٦٣٠٣)	جلد٨	صفحہ٣٣٣
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (٣٣٥٣)	جلد٣	صفحہ٤٣٣
قال الالبانی:	ھذا حدیث صحیح (باالفاظ مختلف)		

جمائی لینا شیطان کی طرف سے ہے

جب کسی کو جمائی آتی ہے تو شیطان ہنستا ہے

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

إِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْعُطَاسَ ، وَيَكْرَهُ التَّثَاؤُبَ ، فَإِذَا عَطَسَ اَحَدُكُمْ وَحَمِدَ اللّٰهَ تَعَالَى كَانَ حَقًّا عَلَى كُلِّ مُسْلِمٍ سَمِعَهُ اَنْ يَقُوْلَ لَهُ :

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ، وَاَمَّا التَّثَاؤُبُ فَإِنَّمَا هُوَ مِنَ الشَّيْطَانِ ، فَإِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فَلْيَرُدَّهُ مَا اسْتَطَاعَ فَإِنَّ اَحَدَكُمْ إِذَا تَثَاءَبَ ضَحِكَ مِنْهُ الشَّيْطَانُ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۸۹)	(۶۲۲۳)	(۶۲۲۶)
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۸۸۴)	جلد ۱	صفحہ ۳۸۳
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۹۸)	جلد ۲	صفحہ ۳۵۹
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۳۵۸)	جلد ۶	صفحہ ۱۲۲
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ حسن		

ترجمة الحديث

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بے شک اللہ تعالیٰ چھینک کو پسند فرماتا ہے اور جمائی کو ناپسند فرماتا ہے تو جب تم میں سے کسی کو چھینک آئے اور وہ کہے:

اَلْحَمْدُلِلّٰہِ تو ہر مسلمان کیلئے جو اسے سنے یہ کہنا ضروری ہے:

یَرْحَمُکَ اللّٰہ اللہ تجھ پر رحم فرمائے۔ اور جمائی شیطان کی طرف سے ہے پھر جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو اس کو اپنی طاقت کے مطابق روکے اور جب کوئی جمائی لیتا ہے تو شیطان خوشی سے ہنستا ہے۔

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۷۴۶)	جلد۳	صفحہ۹۷
قال الالبانی	حسن صحیح		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۷۴۷)	جلد۳	صفحہ۹۷
قال الالبانی	حسن صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۹۹۷۱)	جلد۹	صفحہ۹۰
صحیح سنن ابوداؤد	رقم الحدیث (۵۰۲۸)	جلد۳	صفحہ۲۳۵
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۹۹۷۲)	جلد۹	صفحہ۹۱
السنن الکبری	رقم الحدیث (۹۹۷۳)	جلد۹	صفحہ۹۱
السنن الکبری	رقم الحدیث (۹۹۷۴)	جلد۹	صفحہ۹۱
جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۸۸۷)	جلد۶	صفحہ۷۲۰
قال المحقق	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۶۶۰)	جلد۲	صفحہ۳۲۷
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۳۹۷)	جلد۹	صفحہ۲۳۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۶۴۳)	جلد۹	صفحہ۵۴۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

جب جمائی آئے تو ہاتھ منہ پر رکھ کر اسے روکئے کیونکہ ایسی صورت میں شیطان داخل ہو جاتا ہے

عَنْ اَبِیْ سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ – صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ آلِہٖ وَسَلَّمَ – :

اِذَا تَثَاءَ بَ اَحَدُکُمْ فَلْیُمْسِکْ بِیَدِہٖ عَلٰی فِیْہِ ، فَاِنَّ الشَّیْطَانَ یَدْخُلُ.

ترجمۃ الحدیث،

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کسی کو جمائی آئے تو اسے چاہئے کہ اپنے منہ پر ہاتھ رکھ کر اسے روکے کیونکہ شیطان داخل ہو جاتا ہے۔

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۴۲۶)	جلد ۱	صفحہ ۱۳۶
قال الالبانی	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۲۶۵)	جلد ۲	صفحہ ۳۴۹
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۹۹۵)	جلد ۲	صفحہ ۷۳۵
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (۵۰۲۶)	جلد ۳	صفحہ ۲۳۵
قال الالبانی	صحیح		

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ قَالَ:
إِذَا تَثَاءَبَ اَحَدُكُمْ فِيْ الصَّلَاةِ فَلْيَكْظِمْ مَا اسْتَطَاعَ ، فَإِنَّ الشَّيْطَانَ يَدْخُلُ.

ترجمة الحديث:

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب تم میں سے کسی کو نماز میں جمائی آئے تو جتنا وہ اسے روک سکے روکے کیونکہ شیطان داخل ہو جاتا ہے۔

-☆-

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۹۹۴)	جلد۴	صفحہ۲۲۹۳
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۷۴۹۰)	جلد۴	صفحہ۳۰۵
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۰۱۲)	جلد۱	صفحہ۵۷۸
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۹۱۳۵)	جلد۹	صفحہ۱۲۳
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۰۶۴۳)	جلد۹	صفحہ۵۴۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۳۵۷)	جلد۶	صفحہ۱۲۱
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ قوی علی شرط مسلم		
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۳۷۰)	جلد۱	صفحہ۲۱۵
قال الالبانی	صحیح		

فضول خرچی کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں
شیطان اپنے رب کا ناشکرا ہے

اِنَّ الْمُبَذِّرِیْنَ کَانُوْٓا اِخْوَانَ الشَّیٰطِیْنِ وَکَانَ الشَّیْطٰنُ لِرَبِّهٖ کَفُوْرًا O [1]

ترجمہ:

بے شک فضول خرچی کرنے والے شیطانوں کے بھائی ہیں اور شیطان اپنے رب کا بڑا ناشکر گزار ہے۔

-☆-

(۱) بنی اسرائیل:۲۷

قَالَ الشَّافِعِيُّ رَحِمَهُ اللّٰهُ:

اَلتَّبْذِيْرُ : هُوَ اِنْفَاقُ الْمَالِ فِيْ غَيْرِ حَقِّهٖ ، وَلَا تَبْذِيْرَ فِيْ عَمَلِ الْخَيْرِ ، وَهٰذَا قَوْلُ الْجَمْهُوْرِ.

حضرت امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے فرمایا:

فضول خرچی مال کو غیر حق میں خرچ کرنا ہے اور نیک عمل میں مال خرچ کرنا فضول خرچی نہیں اور یہی جمہور کا قول ہے

-☆-

تحایا الشیطان: صفحہ ۸۰

شیطان ڈراتا ہے کہ
اگر اللہ کی راہ میں مال خرچ کرو گے تو
تنگ دست ہو جاؤ گے

اَلشَّیۡطٰنُ یَعِدُکُمُ الۡفَقۡرَ وَیَاۡمُرُکُمۡ بِالۡفَحۡشَآءِ وَاللّٰہُ یَعِدُکُمۡ مَّغۡفِرَۃً مِّنۡہُ وَفَضۡلًا وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ ؁ۙ ۱؎

ترجمہ:

شیطان ڈراتا ہے تمہیں تنگ دستی سے اور حکم کرتا ہے تم کو بے حیائی کا۔ اور اللہ تعالیٰ وعدہ فرماتا ہے تم سے اپنی بخشش کا اور فضل کا۔ اور اللہ بڑی وسعت والا سب کچھ جاننے والا ہے۔

-☆-

(۱) البقرۃ: ۲۶۸

صدقہ دینا

ستر شیطانوں کے جبڑے توڑ دیتا ہے

عَنْ بُرَيْدَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ :
لَا يُخْرِجُ رَجُلٌ شَيْئًا مِنَ الصَّدَقَةِ حَتّٰى يَفُكَّ عَنْهَا لَحْيَي سَبْعِيْنَ شَيْطَانًا .

ترجمة الحديث،

حضرت بریدہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

جب آدمی کوئی چیز بطور صدقہ نکالتا ہے تو اس صدقہ سے وہ ستر شیطانوں کے جبڑے توڑ دیتا ہے۔

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۱۳۸۳)	جلد ۱	صفحہ ۲۲۹
قال المحقق	حسن		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۲۹۶۲)	جلد ۳۸	صفحہ ۲۰
قال شعیب الارنؤوط	رجالہ ثقات رجال الشیخین		
المستدرک	رقم الحدیث (۱۵۲۱)	جلد ۲	صفحہ ۵۸۷
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ		
قال الذہبی	علی شرطھما		

شیطان صدقہ دینے سے روکتا ہے

عَنْ اَبِی ذَرٍّ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – مَوْقُوْفًا عَلَیْہِ قَالَ:
مَا خَرَجَتْ صَدَقَۃٌ حَتّٰی یُفَکَّ عَنْھَا لَحْیِي سَبْعِیْنَ شَیْطَانًا کُلُّھُمْ یَنْھٰی عَنْھَا۔

حضرت ابو ذر غفاری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:
جب صدقہ دینے کیلئے مال نکالا جاتا ہے تو اس سے ستر شیطانوں کے جبڑے توڑ دیئے جاتے ہیں وہ سارے شیاطین صدقہ دینے سے روکتے ہیں۔

-☆-

خبایا شیطان: صفحہ ۸۱

شیطان

عورت کی صورت میں حملہ کرتا ہے

عَنْ جَابِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:
اِنَّ الْمَرْاَةَ تُقْبِلُ فِيْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ ، وَتُدْبِرُ فِيْ صُوْرَةِ شَيْطَانٍ ، فَاِذَا اَبْصَرَ اَحَدُكُمْ امْرَاَةً فَلْيَاْتِ اَهْلَهُ ، فَاِنَّ ذٰلِكَ يَرُدُّ مَا فِيْ نَفْسِهٖ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۴۰۳)	جلد۲	صفحہ ۱۰۲۱
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۳۴۰۷)	جلد۲	صفحہ ۳۷۰
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۳۴۰۸)	جلد۲	صفحہ ۳۷۰
مشکوۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۰۰۱)	جلد۳	صفحہ ۲۵۰
جامع الاصول	رقم الحدیث (۸۹۲۲)	جلد۱۱	صفحہ ۳۹۳
قال المحقق	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۴۴۷۴)	جلد۱۱	صفحہ ۴۷۷
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح سنن ابوداود	رقم الحدیث (۲۱۵۱)	جلد۱	صفحہ ۵۸۹
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث،

حضرت جابر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
عورت جب سامنے آتی ہے تو شیطان کی صورت میں سامنے آتی ہے اور جب جاتی ہے تو شیطان کی صورت میں جاتی ہے۔ پس جب کوئی کسی عورت کو دیکھے تو اس کو چاہئے کہ اپنی بیوی کے پاس آئے یعنی اس سے صحبت کرے۔ اس عمل سے اس کے دل کا خیال جاتا رہے گا۔

-☆-

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۵۷۲)	جلد۱۲	صفحہ۳۸۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۹۰۷۲)	جلد۸	صفحہ۲۳۵
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۹۳۹)	جلد۱	صفحہ۳۹۲
قال الالبانی:	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۹۴۰)	جلد۱	صفحہ۳۹۲
قال الالبانی:	صحیح		
سلسلۃ الاحادیث الصحیحۃ	رقم الحدیث (۲۳۵)	جلد۱	صفحہ۴۱۸
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۱۵۸)	جلد۱	صفحہ۵۹۲
قال الالبانی:	صحیح		

مردوں کے لئے
عورتیں خطرناک فتنہ ہیں

عَنْ اُسَامَةَ بْنِ زَيْدٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا – عَنِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

مَا تَرَكْتُ بَعْدِيْ فِتْنَةً اَضَرُّ عَلَى الرِّجَالِ مِنَ النِّسَاءِ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۰۹۶)	جلد۳	صفحہ۱۶۴۰
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۷۴۰)	جلد۴	صفحہ۲۰۹۷
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۶۹۴۵)	جلد۴	صفحہ۲۲۶۰
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۶۹۴۶)	جلد۴	صفحہ۲۲۶۰
السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۹۱۰۸)	جلد۸	صفحہ۳۵۵
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۷۸۰)	جلد۳	صفحہ۱۰۹
قال الالبانی	صحیح		
سنن ابن ماجہ	رقم الحدیث (۳۹۹۸)	جلد۴	صفحہ۳۹۷
قال محمود محمد محمود	الحدیث صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۲۱۶۴۳)	جلد۱۶	صفحہ۸۲
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

ترجمۃ الحدیث،

حضرت اسامہ بن زید رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

میں نے اپنے بعد مردوں کے حق میں عورتوں سے زیادہ خطرناک فتنہ کوئی اور نہیں چھوڑا۔

-☆-

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (٢١٧٢٦)	جلد ١٦	صفحہ ١٠٨
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (٣٠٢١)	جلد ٣	صفحہ ٢٢٢
قال الالبانی	متفق علیہ		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٥٩٦٧)	جلد ١٣	صفحہ ٣٠٦
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٥٩٦٩)	جلد ١٣	صفحہ ٣٠٨
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٥٩٧٠)	جلد ١٣	صفحہ ٣٠٨
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
التیسیر شرح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (٧٨٧١)	جلد ٥	صفحہ ٥١٢
قال المحقق	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (٤٧٢٦)	جلد ٦	صفحہ ٥٩٥
قال المحقق	صحیح		
الجامع لشعب الایمان	رقم الحدیث (٥٠٢٧)	جلد ٧	صفحہ ٢٩٢
قال المحقق	اسنادہ صحیح		
الجامع لشعب الایمان	رقم الحدیث (٥٠٢٨)	جلد ٧	صفحہ ٢٩٣
قال المحقق	اسنادہ صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (٥٥٩٧)	جلد ٢	صفحہ ٩٨٠
قال الالبانی:	صحیح		
السنن الکبریٰ للنسائی	رقم الحدیث (٩٢٢٥)	جلد ٨	صفحہ ٣٠٢

کوئی مرد کسی غیر محرم عورت سے
تنہائی میں نہ ملے ورنہ
تیسرا شیطان ہوگا

عَنْ عُمَرَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:
لَايَخْلُوَنَّ رَجُلٌ بِامْرَاَةٍ اِلَّا كَانَ ثَالِثَهُمَا الشَّيْطَانُ.

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۱۶۵)		جلد۴	صفحہ۴۵۷
قال الالبانی	صحیح	طویلا		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۴)		جلد۱	صفحہ۲۶۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح رجالہ ثقات رجال الشیخین	طویلا		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۷)		جلد۱	صفحہ۳۱۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح رجالہ ثقات رجال الشیخین	طویلا		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۷۲۵۴)		جلد۱۶	صفحہ۲۴۰
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین	طویلا		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۷۲۱۰)		جلد۱۰	صفحہ۳۰۴
قال الالبانی	صحیح	طویلا		

ترجمۃ الحدیث،

سیدنا عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:
کوئی مرد کسی اجنبی عورت کے ساتھ تنہائی میں نہ ملے ورنہ ان میں تیسرا شیطان ہوگا۔

-☆-

السنن الکبری للنسائی	رقم الحدیث (۹۱۷۴)	جلد۸	صفحہ۲۸۳	عن ابن عباس
الجامع الکبیر للترمذی	رقم الحدیث (۱۱۷۱)	جلد۲	صفحہ۴۶۲	
الجامع الکبیر للترمذی	رقم الحدیث (۱۲۰۵)	جلد۳	صفحہ۲۸	
قال الدکتور بشار عواد معروف	ھذا الحدیث حسن غریب			
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۰۵۴)	جلد۲	صفحہ۲۵۵	
قال الالبانی	اسنادہ صحیح			
المستدرک	رقم الحدیث (۳۸۷)	جلد۱	صفحہ۱۲۵	
قال الحاکم	ھذا الحدیث صحیح علی شرط الشیخین ولم یخرجاہ	طویلا		

عورتوں کے پاس تنہائی میں

مت جایئے

عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اِيَّاكُمْ وَالدُّخُوْلَ عَلَى النِّسَاءِ ، فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْاَنْصَارِ : اَفَرَاَيْتَ الْحَمْوَ ؟ قَالَ : اَلْحَمْوُ الْمَوْتُ.

صحیح البخاری	رقم الحدیث(۵۲۳۲)	جلد۳	صفحہ۱۶۸۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث(۲۱۷۲)	جلد۴	صفحہ۱۲
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث(۱۱۷۱)	جلد۱	صفحہ۵۹۷
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث(۱۷۳۹۶)	جلد۲۸	صفحہ۶۱۸
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث(۱۷۳۴۷)	جلد۲۸	صفحہ۵۸۰
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث(۵۵۸۸)	جلد۱۲	صفحہ۴۰۱
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم رجالہ ثقات رجال الشیخین		

ترجمة الحديث:

حضرت عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

عورتوں کے پاس تنہائی میں داخل ہونے سے بچئے۔ ایک انصاری نے عرض کی:

اگر دیور ہو تو کیا حکم ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا:

دیور تو موت ہے۔

-☆-

السنن الکبریٰ للنسائی	رقم الحدیث (۹۱۷۲)	جلد ۸	صفحہ ۲۸۲
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۵۶۱)	جلد ۸	صفحہ ۱۳۹
قال الالبانی	صحیح		
الجامع الکبیر للترمذی	رقم الحدیث (۱۱۷۱)	جلد ۲	صفحہ ۴۶۲
قال شعیب الأرنؤوط	صحیح		
الجامع الکبیر للترمذی	رقم الحدیث (۱۲۰۵)	جلد ۳	صفحہ ۲۸
قال الدکتور بشار عواد معروف	ھذا حدیث حسن صحیح		

دنیا بڑی میٹھی ہے سر سبز ہے

دنیا سے بچیے! اور عورتوں سے بچیے!

عَنْ اَبِی سَعِیْدِ الْخُدْرِیِّ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – اَنَّ رَسُوْلَ اللّٰهِ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اِنَّ الدُّنْیَا حُلْوَةٌ خَضِرَةٌ وَاِنَّ اللّٰهَ تَعَالٰی مُسْتَخْلِفُكُمْ فِیْهَا، فَیَنْظُرُ كَیْفَ تَعْمَلُوْنَ، فَاتَّقُوا الدُّنْیَا، وَاتَّقُوا النِّسَاءَ فَاِنَّ اَوَّلَ فِتْنَةِ بَنِی اِسْرَائِیْلَ كَانَتْ فِی النِّسَاءِ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۷۴۲)	جلد ۴	صفحہ ۲۰۹۸
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۷۵۱)	جلد ۳	صفحہ ۲۷۴
قال الالبانی	صحیح		
صحیح الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۳۲۱۶)	جلد ۳	صفحہ ۲۵۲
قال الالبانی	صحیح		
الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۲۷۰۵)	جلد ۴	صفحہ ۲۰
قال المحقق	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۳۲۲۱)	جلد ۸	صفحہ ۱۵
قال شعیب الارنووط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		

ترجمۃ الحدیث:

حضرت ابو سعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بے شک دنیا میٹھی اور سرسبز ہے جسے تم جمع کر رہے ہو حالانکہ اللہ تعالیٰ اس میں تمہارے بعد والوں کو پیدا فرمانے والا ہے جو تمہاری جگہ اس سے نفع اٹھائیں گے لہٰذا تم دنیا کو بلا ضرورت جمع کرنے سے اجتناب کرو اور عورتوں سے بچتے رہو کہ دنیوی آزمائشوں میں ایک آزمائش عورتیں بھی ہیں۔ پس بے شک پہلا فتنہ بنی اسرائیل میں عورتوں کا تھا۔

-☆-

صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (٥٥٩١)	جلد ١٣	صفحہ ٣٠٣
قال شعیب الارنووط	اسنادہ صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (٣٠٢٢)	جلد ٣	صفحہ ٣٣٢
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١١١٣)	جلد ١٠	صفحہ ٣٧
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (١١٣٦٣)	جلد ١٠	صفحہ ١٣٦
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		

عورت چھپانے کی چیز ہے
جب یہ نکلتی ہے تو شیطان اسے جھانکتا ہے

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اَلْمَرْأَةُ عَوْرَةٌ ، فَإِذَا خَرَجَتِ اسْتَشْرَفَهَا الشَّيْطَانُ.

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۱۷۳)	جلد ۱	صفحہ ۵۹۸
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۵۹۸)	جلد ۱۲	صفحہ ۴۱۲
قال شعیب الارنؤوط	رجالہ ثقات رجال الصحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۵۵۹۹)	جلد ۱۲	صفحہ ۴۱۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۶۶۹۰)	جلد ۲	صفحہ ۱۱۴۳
قال الالبانی:	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۰۴۵)	جلد ۳	صفحہ ۲۵۲
قال الالبانی	اسنادہ صحیح		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۳۴۴)	جلد ۱	صفحہ ۲۶۰
قال الالبانی	صحیح		

ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن مسعود -رضی اللہ عنہما- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

عورت چھپا کر رکھنے کی چیز ہے جب وہ باہر نکلتی ہے تو شیطان اس کو جھانکتا ہے۔

-☆-

عَنْ اَنَسٍ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ :

جَاءَ ثَلاثَةُ رَهْطٍ اِلَى بُيُوْتِ اَزْوَاجِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – يَسْاَلُوْنَ عَنْ عِبَادَةِ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – فَلَمَّا اُخْبِرُوْا كَاَنَّهُمْ تَقَالُّوْهَا وَقَالُوْا : اَيْنَ نَحْنُ مِنَ النَّبِيِّ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَدْ غُفِرَ لَهٗ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِهٖ وَمَا تَاَخَّرَ ، قَالَ اَحَدُهُمْ :

اَمَّا اَنَا فَاُصَلِّي اللَّيْلَ اَبَدًا ، وَقَالَ الْآخَرُ : وَاَنَا اَصُوْمُ الدَّهْرَ وَلَا اُفْطِرُ ، وَقَالَ الْآخَرُ : وَاَنَا اَعْتَزِلُ النِّسَاءَ فَلا اَتَزَوَّجُ اَبَدًا ، فَجَاءَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – اِلَيْهِمْ فَقَالَ :

اَنْتُمُ الَّذِيْنَ قُلْتُمْ كَذَا وَكَذَا ؟ اَمَا وَاللّٰهِ اِنِّي لَاَخْشَاكُمْ لِلّٰهِ وَاَتْقَاكُمْ لَهٗ لٰكِنِّي اَصُوْمُ وَاُفْطِرُ ، وَاُصَلِّي وَاَرْقُدُ ، وَاَتَزَوَّجُ النِّسَاءَ ، فَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِي فَلَيْسَ مِنِّي.

یہ حوالہ جات پچھلی حدیث کے ہیں اس حدیث کے حوالہ جات اس حدیث کے اختتام پر ہیں

الترغیب والترہیب	رقم الحدیث (۵۰۹)	جلد ا	صفحہ ۳۰۵
قال المحقق	حسن		
الارواء الغلیل	رقم الحدیث (۲۷۳)	جلد ا	صفحہ ۳۰۳
قال الالبانی	اسنادہ صحیح		

ترجمۃ الحدیث:

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ:

تین آدمی حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات رضی اللہ عنہن کے گھر آئے اور ان سے حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عبادت کے متعلق پوچھنے لگے۔ جب ان کو اس کی تفصیل بتلائی گئی تو گویا انہوں نے اسے کم سمجھا اور کہا:

ہمارا اور حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کیا مقابلہ؟ آپ کے سبب سے تو آپ کے اگلوں اور پچھلوں کے تمام گناہ معاف کر دیے گئے ہیں۔ اس لئے ہمیں تو آپ سے زیادہ عبادت کرنے کی ضرورت ہے۔ چنانچہ ان میں سے ایک نے کہا:

میں تو ہمیشہ ساری رات نماز پڑھا کروں گا۔ دوسرے نے کہا: میں ہمیشہ روزے رکھوں گا۔ کبھی روزے کا ناغہ نہیں کروں گا۔ تیسرے نے کہا:

جامع الاصول	رقم الحدیث (۴۹۲۳)	جلد۶	صفحہ۲۸ے
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۵۰۶۳)	جلد۳	صفحہ۱۶۳۱
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۱۴۰۱)	جلد۲	صفحہ۱۰۲۰
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۳۲۱۷)	جلد۲	صفحہ۴۱۰
قال الالبانی	صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۳۴۶۸)	جلد۱۱	صفحہ۲۰۶
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۳۶۶۲)	جلد۱۱	صفحہ۲۵۷
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۳۹۷۸)	جلد۱۱	صفحہ۳۳۷
قال حمزۃ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۱۴)	جلد۱	صفحہ۱۹۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۵۳۰۵)	جلد۵	صفحہ۱۵۲
ارواء الغلیل	رقم الحدیث (۱۷۸۲)	جلد۶	صفحہ۱۹۳

میں عورتوں سے کنارہ کش رہوں گا اور کبھی نکاح نہیں کروں گا۔حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب یہ باتیں پہنچیں تو آپ ان کے پاس تشریف لائے اور ان سے پوچھا:

تم نے اس اس طرح کہا ہے؟ جب اس کا جواب انہوں نے اثبات میں دیا تو آپ نے ارشاد فرمایا:

خبر دار! اللہ کی قسم! میں تم میں سے سب سے زیادہ اللہ سے ڈرنے والا اور اس کا سب سے زیادہ دل میں خوف رکھنے والا ہوں۔لیکن میں روزے رکھتا بھی ہوں اور چھوڑ بھی دیتا ہوں۔رات کو نماز بھی پڑھتا ہوں اور سوتا بھی ہوں اور میں عورتوں سے شادی بھی کرتا ہوں۔پس یہ سارے کام ہی میری سنت ہیں۔اور جس نے میری سنت سے اعراض کیا، پس وہ مجھ میں سے نہیں۔

-☆-

گانے بجانے کا بیوپار کرنے والے شیطانی وصف سے متصف ہیں اور لوگوں کو صراط مستقیم سے گمراہ کرتے ہیں

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْتَرِیْ لَهْوَ الْحَدِيْثِ لِيُضِلَّ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّيَتَّخِذَهَا هُزُوًا اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ مُّهِيْنٌo [1]

ترجمہ:

اور کئی ایسے لوگ بھی ہیں جو بیوپار کرتے ہیں مقصد حیات سے غافل کر دینے والی باتوں کا تا کہ بھٹکاتے رہیں راہ خدا سے اس کے نتائج بد سے بے خبر ہو کر اور اس کا مذاق اڑاتے رہیں یہ لوگ ہیں جن کیلئے رسوا کن عذاب ہے۔

-☆-

(۱) لقمان:۶

گھنٹا

شیطان کا باجا ہے

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ – :

اَلْجَرَسُ مَزَامِيْرُ الشَّيْطَانِ.

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۱۱۴)	جلد ۳	صفحہ ۱۶۷۲
صحیح مسلم	رقم الحدیث (۵۵۴۸)	جلد ۴	صفحہ ۳۹۹
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۷۶۹)	جلد ۸	صفحہ ۴۱۸
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۸۸۳۷)	جلد ۹	صفحہ ۲۳
قال حمزہ احمد الزین	اسنادہ صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۸۷۶۱)	جلد ۸	صفحہ ۱۱۱
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۴۷۰۴)	جلد ۱۰	صفحہ ۵۵۵
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۴۵۶۰)	جلد ۳	صفحہ ۲۵۸
قال المحقق	صحیح		

ترجمة الحديث:

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

گھنٹا شیطان کا باجا ہے۔

☆

صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (٣١١٦)	جلد٣	صفحہ ٣٠٦
قال الالبانی	صحیح		
جامع الاصول	رقم الحدیث (٣٠١٥)	جلد٥	صفحہ ٤٢
قال المحقق	صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (٣١٠٧)	جلد١	صفحہ ٥٩٦
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (٢٥٥٦)	جلد٢	صفحہ ١١٢
قال الالبانی	صحیح		
صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (٢٣٠٤)	جلد٧	صفحہ ٣٠٨
قال الالبانی	اسنادہ صحیح علی شرط مسلم		
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (٣٨١٨)	جلد٢	صفحہ ٣٨

دینی امور میں
اپنی طرف سے سختی کرنے والے برباد ہو جاتے ہیں

عَنِ ابْنِ مَسْعُوْدٍ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ أَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَآلِہٖ وَسَلَّمَ قَالَ:
ھَلَکَ الْمُتَنَطِّعُوْنَ ، قَالَھَا : ثَلَاثًا.

ترجمة الحديث،

حضرت عبداللہ ابن مسعود -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

اپنی طرف سے دین میں سختی کرنے والے ہلاک ہو گئے۔ آپ نے تین مرتبہ یہ فرمایا۔

صحیح مسلم	رقم الحدیث (۲۶۷۰)	جلد۴	صفحہ۲۰۵۵
صحیح الجامع الصغیر وزیادۃ	رقم الحدیث (۷۰۳۹)	جلد۲	صفحہ۱۱۸۳
قال الالبانی	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۷۱۴)	جلد۳	صفحہ۳۶۴
صحیح سنن ابو داؤد	رقم الحدیث (۴۶۰۸)	جلد۳	صفحہ۱۱۹
قال الالبانی	صحیح		
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۳۷۰۷)	جلد۲	صفحہ۵۴۴

اے اہل اسلام
میانہ روی اختیار کیجئے
اگر پوری طرح نہیں کر سکتے تو قریب قریب رہئے اور
بشارتیں دیجئے خوشخبریاں سنائیے

عَنْ اَبِی هُرَيْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الدِّيْنَ يُسْرٌ وَلَنْ يُّشَادَّ الدِّيْنَ اَحَدٌ اِلَّا غَلَبَهٗ فَسَدِّدُوا وَقَارِبُوا وَاَبْشِرُوا وَاسْتَعِيْنُوْا بِالْغَدْوَةِ وَالرَّوْحَةِ وَشَیْءٍ مِنَ الدُّلْجَةِ۔

صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۹)	جلد ۱	صفحہ ۳۷
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۱۲۰۲)	جلد ۲	صفحہ ۵۱
صحیح سنن النسائی	رقم الحدیث (۵۰۳۹)	جلد ۳	صفحہ ۳۵۴
قال الالبانی	صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۳۵۱)	جلد ۲	صفحہ ۶۳
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط البخاری		
غایۃ الاحکام	رقم الحدیث (۳۷۱۰)	جلد ۲	صفحہ ۵۳۵

ترجمة الحديث،

حضرت ابو ہریرہ -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا۔

بیشک یہ دین اسلام بہت آسان ہے اور جو شخص دین میں سختی کرے گا تو دین اس پر غالب آجائے گا۔اس لئے میانہ روی اختیار کیجئے اگر پوری طرح میانہ روی اختیار نہیں کرسکتے تو میانہ روی کے قریب رہئے اور خوش خبریاں سنایئے۔اور مدد حاصل کیجئے صبح، دوپہر کے بعد اور کچھ رات میں عبادت کرنے سے۔

-☆-

صحیح الجامع الصغیر والزیادۃ رقم الحدیث (۱۶۱۱) جلد۱ صفحہ ۳۳۳
قال الالبانی صحیح

غلط اور لمبی امیدیں
شیطان کی طرف سے ہیں

يَعِدُهُمْ وَيُمَنِّيهِمْ وَمَا يَعِدُهُمُ الشَّيْطٰنُ اِلَّا غُرُوْرًا ۝ [1]

ترجمہ:

شیطان جھوٹے وعدے کرتا ہے ان سے اور غلط امیدیں دلاتا ہے انہیں اور نہیں وعدہ کرتا ان سے شیطان مگر فریب کا۔

-☆-

(۱) سورۃ نساء ۱۲۰

عَنْ اَبِی الدَّرْدَاءِ – رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ – اَنَّہٗ قَامَ عَلٰی دَرَجِ مَسْجِدِ دِمَشْقَ فَقَالَ: یَا اَھْلَ دِمَشْقَ ، اَلاَ تَسْمَعُوْنَ مِنْ اَخٍ لَکُمْ نَاصِحٍ ، اِنَّ مَنْ کَانَ قَبْلَکُمْ کَانُوْا یَجْمَعُوْنَ کَثِیْرًا وَیَبْنُوْنَ مَشِیْدًا وَیَاْمَلُوْنَ بَعِیْدًا ، فَاَصْبَحَ جَمْعُھُمْ بُوْرًا وَبُنْیَانُھُمْ قُبُوْرًا وَاَمَلُھُمْ غُرُوْرًا ، ھٰذِہٖ عَادٌ قَدْ مَلَأَتِ الْبِلاَدَ اَھْلاً وَمَالاً وَخَیْلًا وَرِجَالاً ، فَمَنْ یَشْتَرِیْ مِنِّی الْیَوْمَ تَرِکَتَھُمْ بِدِرْھَمَیْنِ وَاَنْشَدَ یَقُوْلُ:

یَاذَا الْمُؤَمِّلِ آمَالاً وَاِنْ بَعُدَتْ — مِنْہُ وَیَزْعُمُ اَنْ یَحْظٰی بِاَقْصَاھَا

اَنّٰی تَفُوْزُ بِمَا تَرْجُوْہُ وَیْحَکَ وَمَا — اَصْبَحْتَ فِیْ ثِقَۃٍ مِنْ نَیْلِ اَدْنَاھَا

حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ دمشق کی جامع مسجد کے درج پر کھڑے ہوئے تو فرمایا:

اے اہل دمشق ! کیا تم اپنے ناصح -نصیحت وخیر خواہی کرنے والے- بھائی کی بات نہیں سنو گے بیشک جو لوگ تم سے پہلے تھے وہ بہت زیادہ مال ودولت جمع کیا کرتے تھے بڑی بڑی مضبوط عمارتیں ،محلات بنایا کرتے تھے اور بڑی دور تک جانے والی امیدیں باندھا کرتے تھے۔ پس اب دیکھو ان کی جمع شدہ پونجی برباد ہوگئی انکی عمارتیں -انکے محلات -قبروں کا روپ دھا گئے اور انکی لمبی امیدیں سب دھوکہ وفریب ثابت ہوگئیں۔

یہ قوم عاد جنہوں نے شہر اہل وعیال ،مال ودولت ،گھوڑوں اور شہسواروں سے بھر دیئے تھے کیا آج کوئی ان کا ترکہ -جو سب کا سب مٹی اور قبریں بن چکا ہے- دو درہم میں خریدنے کے لئے تیار ہے۔ پھر آپ نے شعر پڑھتے ہوئے فرمایا:

اے لمبی اور دور دراز امیدیں باندھنے والے تیرا تو خیال تھا کہ سب سے آخری امید سے بھی بہرہ ور ہوگا۔ تو نے جس جس کی امید کی تو کہاں اس کو پانے میں کامیاب ہوا بلکہ جو سب سے نزدیکی امید ہے اسے پانے -حاصل کرنے- کی بھی تجھ میں قوی امید نہیں ہے۔

ضحایا الشیطان :صفحہ ۸

جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے

عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِکٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – عَنِ النَّبِیِّ – صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اَلتَّاَنِّیْ مِنَ اللّٰهِ ، وَالْعَجَلَةُ مِنَ الشَّیْطَانِ ، وَمَا اَحَدٌ اَکْثَرَ مَعَاذِیْرَ مِنَ اللّٰهِ ، وَمَا مِنْ شَیْءٍ اَحَبَّ اِلَی اللّٰهِ مِنَ الْحَمْدِ۔

ترجمة الحديث،

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۰۱۱)	جلد۱	صفحہ ۵۷۸
قال الالبانی	حذا الحدیث حسن		
سلسلة الاحادیث الصحیحة	رقم الحدیث (۱۷۹۵)	جلد۴	صفحہ ۴۰۴
قال الالبانی	اسنادہ حسن رجالہ ثقات رجال الصحیحین		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۱۵۷۲)	جلد۲	صفحہ ۲۴۴
قال الالبانی	حذا الحدیث حسن		
صحیح الترغیب والترھیب	رقم الحدیث (۲۶۷۷)	جلد۳	صفحہ ۱۸
قال الالبانی	حذا الحدیث حسن		

نے ارشاد فرمایا:

حلم و وقار اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور جلد بازی شیطان کی طرف سے ہے۔ اور اللہ تعالیٰ سے بڑھ کر معذرت قبول کرنے والا بردبار کوئی نہیں ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کو اس کی حمد سے زیادہ کوئی چیز محبوب نہیں۔

-☆-

اکیلے سفر کرنا شیطانی عمل ہے

عَنْ عَمْرِو بْنِ شُعَيْبٍ عَنْ اَبِيْهِ عَنْ جَدِّهٖ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اَلرَّاكِبُ شَيْطَانٌ ، وَالرَّاكِبَانِ شَيْطَانَانِ ، وَالثَّلَاثَةُ رَكْبٌ.

صحیح سنن ابی داؤد	رقم الحدیث (۲۶۰۷)	جلد۲	صفحہ۱۳۲
قال الالبانی	حذا حدیث حسن		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۸۷۹۸)	جلد۸	صفحہ۱۳۹
صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۱۶۷۴)	جلد۲	صفحہ۳۳۵
قال الالبانی	حذا حدیث حسن		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۶۷۴۸)	جلد۶	صفحہ۲۹۸
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۷۰۰۷)	جلد۶	صفحہ۳۳۵
قال احمد محمد شاکر	اسنادہ صحیح		
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۳۵۲۴)	جلد۱	صفحہ۶۶۱
قال الالبانی	صحیح		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۸۳۳)	جلد۲	صفحہ۳۲
جامع الاصول	رقم الحدیث (۲۹۹۶)	جلد۵	صفحہ۱۵

ترجمۃ الحدیث،

حضرت عمرو بن شعیب اپنے باپ سے وہ اپنے دادا رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

ایک سوار ایک شیطان ہے، دو سوار دو شیطان ہیں اور تین سوار ہوں تو وہ قافلہ ہیں۔

-☆-

کسی وادی میں
بالکل الگ تھلگ ہو کر اترنا شیطانی عمل ہے

عَنْ اَبِیْ ثَعْلَبَةَ الْخُشَنِیِّ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

كَانَ النَّاسُ اِذَا نَزَلُوْا مَنْزِلًا تَفَرَّقُوْا فِی الشِّعَابِ وَالْاَوْدِيَةِ ، فَقَالَ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اِنَّ تَفَرُّقَكُمْ فِی هٰذِهِ الشِّعَابِ وَالْاَوْدِيَةِ اِنَّمَا ذٰلِكَ مِنَ الشَّيْطَانِ فَلَمْ يَنْزِلُوْا بَعْدَ ذٰلِكَ مَنْزِلًا اِلَّا انْضَمَّ بَعْضُهُمْ اِلٰى بَعْضٍ.

مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۷۳۶)	جلد۲۹	صفحہ۲۷۲
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۶۹۰)	جلد۶	صفحہ۴۰۸
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۲۶۷۹)	جلد۲	صفحہ۳۴۷
قال الالبانی	صحیح		
السنن الکبری	رقم الحدیث (۸۸۰۵)	جلد۸	صفحہ۱۳۲
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۳۸۳۴)	جلد۲	صفحہ۴۲
المستدرک	رقم الحدیث (۲۵۴۰)	جلد۳	صفحہ۹۵۲
قال الذہبی	صحیح		

ترجمة الحديث:

حضرت ابو ثعلبہ خشنی رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

لوگ جب کسی منزل پر اترتے تو گھاٹیوں اور وادیوں میں بکھر جاتے تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بیشک تمہارا بکھر جانا، ان گھاٹیوں اور وادیوں میں یہ شیطانی عمل ہے اس کے بعد جب کسی منزل میں اترتے تو ایک دوسرے کے قریب مل کر رہتے۔

-☆-

عَنْ عُمَرَ – رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – :

اِنَّ الشَّيْطَانَ مَعَ الْوَاحِدِ وَهُوَ مِنَ الْاِثْنَيْنِ اَبْعَدُ.

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۱۶۵)		جلد۴	صفحہ ۴۵۷
قال الالبانی	صحیح			
المستدرک للحاکم	رقم الحدیث (۳۸۷)		جلد۱	صفحہ ۱۲۵
قال الحاکم	ھذا حدیث صحیح علی شرط الشیخین			
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۱۴)		جلد۱	صفحہ ۲۶۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح رجالہ ثقات رجال الشیخین	طویلا		
مسند الامام احمد	رقم الحدیث (۱۷۷)		جلد۱	صفحہ ۳۱۰
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ صحیح رجالہ ثقات رجال الشیخین	طویلا		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۷۲۵۴)		جلد۱۶	صفحہ ۴۳۰
قال شعیب الأرنؤوط	اسنادہ صحیح علی شرط الشیخین	طویلا		
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۷۲۱۰)		جلد۱۰	صفحہ ۳۰۲
قال الالبانی	صحیح	طویلا		
مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۵۹۵۷)		جلد۵	صفحہ ۳۸۸
قال الالبانی	صحیح لاشک فیہ	طویلا		

ترجمة الحديث:

سیدنا عمر امیر المؤمنین -رضی اللہ عنہ- سے روایت ہے کہ حضور سیدنا نبی کریم -صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم- نے ارشاد فرمایا:

بیشک شیطان تنہا آدمی کے ساتھ ہے اور وہ دو آدمیوں سے نسبتاً دور ہوتا ہے۔

-☆-

مشکاۃ المصابیح رقم الحدیث (۳۰۵۴) جلد ۳ صفحہ ۲۵۵

قال الالبانی اسنادہ صحیح طویلا

شیطان کا انسان کو چھونا
برائی کا وعدہ ہے اور حق کو جھٹلانا ہے
ایسی صورت میں مومن
اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم پڑھے

عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ : قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ – صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ – قَالَ:

اِنَّ لِلشَّيْطَانِ لَمَّةً بِابْنِ آدَمَ ، وَلِلْمَلَکِ لَمَّةً ، فَاَمَّا لَمَّةُ الشَّيْطَانِ فَاِيْعَادٌ بِالشَّرِّ وَتَكْذِيْبٌ بِالْحَقِّ ، وَاَمَّا لَمَّةُ الْمَلَکِ فَاِيْعَادٌ بِالْخَيْرِ وَتَصْدِيْقٌ بِالْحَقِّ ، فَمَنْ وَجَدَ ذٰلِکَ فَلْيَعْلَمْ اَنَّهٗ مِنَ اللّٰهِ فَلْيَحْمَدِ اللّٰهَ ، وَمَنْ وَجَدَ الْاُخْرٰى فَلْيَتَعَوَّذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ ، ثُمَّ قَرَاَ :

اَلشَّيْطَانُ يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌO(1)

(1) البقرۃ:۲۶۸

ترجمة الحديث

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

بے شک شیطان آدم کے بیٹے کے دل میں خیال ڈالتا ہے اور فرشتہ بھی خیال ڈالتا ہے۔ شیطان کا چھونا برائی کا وعدہ دینا ہے اور حق کو جھٹلانا ہے اور فرشتے کا چھونا اچھے کام کا وعدہ کرنا ہے اور حق کی تصدیق کرنا ہے۔

جو شخص اس کا احساس کرے تو وہ سمجھ لے کہ اللہ کی جانب سے ہے۔ وہ اللہ کی حمد و ثنا کرے اور جو شخص دوسری بات کو پائے وہ اللہ کی شیطان مردود سے پناہ طلب کرے۔ پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن پاک کی یہ آیت تلاوت فرمائی:

اَلشَّيۡطٰنُ يَعِدُكُمُ الۡفَقۡرَ وَيَاۡمُرُكُمۡ بِالۡفَحۡشَآءِ ۚ وَاللّٰهُ يَعِدُكُمۡ مَّغۡفِرَةً مِّنۡهُ وَفَضۡلًا ؕ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيۡمٌ ۝

شیطان ڈراتا ہے تمہیں تنگ دستی سے اور حکم کرتا ہے تم کو بے حیائی کا۔ اور اللہ تعالیٰ وعدہ فرماتا ہے تم سے اپنی بخشش کا اور فضل کا۔ اور اللہ بڑی وسعت والا سب کچھ جاننے والا ہے۔

-☆-

صحیح سنن الترمذی	رقم الحدیث (۲۹۸۸)	جلد۳	صفحہ۲۰۰
قال الالبانی	صحیح		
مشکوٰۃ المصابیح	رقم الحدیث (۷۰)	جلد۱	صفحہ۸۸
قال الالبانی	سندہ صحیح علی شرط الشیخین		
جامع الاصول	رقم الحدیث (۵۳۸)	جلد۲	صفحہ۳۹
صحیح ابن حبان	رقم الحدیث (۹۹۷)	جلد۳	صفحہ۲۷۸
قال شعیب الارنؤوط	اسنادہ		

شیطان دنیا میں جھوٹ پھیلانے کا سبب ہے

عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهٖ وَسَلَّمَ قَالَ:

اَلْمَلَائِكَةُ تَتَحَدَّثُ فِي الْعَنَانِ – وَالْعَنَانُ الْغَمَامُ – بِالْاَمْرِ يَكُوْنُ فِي الْاَرْضِ ، فَتَسْمَعُ الشَّيَاطِيْنُ الْكَلِمَةَ فَتَقُرُّهَا فِيْ اُذُنِ الْكَاهِنِ كَمَا تُقَرُّ الْقَارُوْرَةُ ، فَيَزِيْدُوْنَ مَعَهَا مِئَةَ كَذِبَةٍ.

ترجمة الحديث،

حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

مشکاۃ المصابیح	رقم الحدیث (۴۵۱۸)	جلد ۲	صفحہ ۲۹۴	بالفاظ مختلفہ
صحیح البخاری	رقم الحدیث (۳۲۱۰)	جلد ۲	صفحہ ۹۹۴	بالفاظ مختلفہ
صحیح الجامع الصغیر	رقم الحدیث (۱۹۵۵)	جلد ۱	صفحہ ۳۹۴	
قال الالبانی	صحیح	بالفاظ مختلفہ		

فرشتے بادلوں سے پرے اس امر الٰہی سے متعلق بات کرتے ہیں جو دنیا میں ہونا ہوتا ہے تو شیاطین فرشتوں کی باتوں سے ایک بات سن لیتے ہیں۔ پھر اسے کاہن کے کان میں انڈیل دیتے ہیں جیسے بوتل میں کچھ انڈیلا جاتا ہے تو وہ کاہن لوگ اس ایک بات کے ساتھ سو جھوٹ ملا کر نشر کر دیتے ہیں۔

-☆-

شیطان انسانی صورت میں آکر جھوٹ پھیلاتا ہے

عَنْ عَبْدِاللّٰهِ بْنِ مَسْعُوْدٍ – رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ – قَالَ:

اِنَّ الشَّیْطَانَ لَیَتَمَثَّلُ فِیْ صُوْرَةِ الرَّجُلِ ، فَیَاْتِی الْقَوْمَ فَیُحَدِّثُهُمْ بِالْحَدِیْثِ مِنَ الْکَذِبِ ، فَیَتَفَرَّقُوْنَ ، فَیَقُوْلُ الرَّجُلُ مِنْهُمْ:

سَمِعْتُ رَجُلًا اَعْرِفُ وَجْهَهٗ ، وَلَا اَدْرِیْ مَا اسْمُهٗ یُحَدِّثُ.

ترجمة الحديث:

حضرت عبداللہ بن مسعود۔رضی اللہ عنہ۔نے فرمایا:

بیشک شیطان انسانی شکل وصورت اختیار کرجاتا ہے پھر وہ لوگوں کے پاس آتا ہے پھر انہیں کوئی جھوٹی بات بیان کرتا ہے پھر لوگ منتشر ہوجاتے ہیں تو ان میں سے ایک آدمی کہتا ہے۔

میں نے سنا ایک آدمی کو مجھے اس کے چہرے سے شناسائی تو ہے لیکن میں اسکا نام نہیں جانتا وہ یہ کہہ رہا تھا۔

-☆-

خبایا شیطان: صفحہ ۲۷

شیطانی حملوں سے بچاؤ کے طریقے

ضیاء الحدیث

ایمان کامل

وَمَا نُرْسِلُ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّا مُبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ فَمَنْ اٰمَنَ وَ اَصْلَحَ فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ o[1]

ترجمہ:

اور ہم نہیں بھیجتے رسولوں کو مگر خوشخبری سنانے کیلئے اور عذاب جہنم سے ڈرانے کیلئے تو جو ایمان لائے اور اپنے آپ کو سنوار لیا تو کوئی خوف نہیں ہوگا انہیں اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔

-☆-

فَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَاعْتَصَمُوْا بِهٖ فَسَيُدْخِلُهُمْ فِيْ رَحْمَةٍ مِّنْهُ وَفَضْلٍ وَّيَهْدِيْهِمْ اِلَيْهِ صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا o[2]

ترجمہ:

تو جو لوگ ایمان لائے اللہ تعالیٰ پر اور مضبوطی سے پکڑ لیا اللہ کی رسی کو تو عنقریب داخل کرے گا انہیں اپنی رحمت اور فضل میں اور پہنچائے گا انہیں اپنی طرف لے جانے والی سیدھی راہ پر۔

(۱) سورۃ الانعام، ۴۸

(۲) سورۃ النساء، ۱۷۵

وَلَمَّا جَاءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا هُوْدًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا وَنَجَّيْنٰهُمْ مِّنْ عَذَابٍ غَلِيْظٍ ۝ ١

ترجمہ:

اور جب آگیا ہمارا حکم تو ہم نے نجات دے دی ہود-علیہ السلام-کو اور جو ایمان لائے تھے ان کے ساتھ بوجہ اپنی رحمت کے اور ہم نے نجات دیدی انہیں سخت عذاب سے۔

-☆-

فَلَمَّا جَاءَ اَمْرُنَا نَجَّيْنَا صٰلِحًا وَّالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ بِرَحْمَةٍ مِّنَّا ٢

ترجمہ:

پھر جب آگیا ہمارا حکم تو ہم نے بچالیا صالح کو اور انہیں جو ایمان لائے تھے ان کے ساتھ اپنی رحمت سے۔

-☆-

(۱) ہود:۵۸

(۲) ہود:۶۶

اخلاص وللّٰہیت

عَنِ الْحَسَنِ قَالَ:

کَانَتْ شَجَرَةٌ تُعْبَدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ، فَجَاءَ اِلَيْهَا رَجُلٌ فَقَالَ : لَاَقْطَعَنَّ هٰذِهِ الشَّجَرَةَ ، فَجَاءَ لِيَقْطَعَهَا غَضَبًا لِلّٰهِ ، فَلَقِيَهُ اِبْلِيْسُ فِيْ صُوْرَةِ اِنْسَانٍ فَقَالَ:

مَا تُرِيْدُ ؟ قَالَ : اُرِيْدُ اَنْ اَقْطَعَ هٰذِهِ الشَّجَرَةَ الَّتِيْ تُعْبَدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ، قَالَ: اِذَا اَنْتَ لَمْ تَعْبُدْهَا فَمَا يَضُرُّكَ مَنْ عَبَدَهَا ، قَالَ:

لَاَقْطَعَنَّهَا ، فَقَالَ لَهُ الشَّيْطَانُ : هَلْ لَكَ فِيْمَا هُوَ خَيْرٌ لَكَ ؟ لَا تَقْطَعُهَا وَلَكَ دِيْنَارَانِ كُلَّ يَوْمٍ اِذَا اَصْبَحْتَ عِنْدَ وِسَادَتِكَ ، قَالَ:

فَمِنْ اَيْنَ لِيْ ذٰلِكَ ؟ قَالَ : لَا عَلَيْكَ ، فَرَجَعَ فَاَصْبَحَ فَوَجَدَ دِيْنَارَيْنِ عِنْدَ وِسَادَتِهِ ، فَلَمْ يَذْهَبْ لِيَقْطَعَهَا ، ثُمَّ اَصْبَحَ بَعْدَ ذٰلِكَ فَلَمْ يَجِدْ شَيْئًا ، فَقَامَ غَضْبًا لِيَقْطَعَهَا ، فَتَمَثَّلَ لَهُ الشَّيْطَانُ فِيْ صُوْرَتِهِ ، وَقَالَ:

مَا تُرِيْدُ ؟ قَالَ : اُرِيْدُ اَنْ اَقْطَعَ هٰذِهِ الشَّجَرَةَ الَّتِيْ تُعْبَدُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ تَعَالٰى.

قَالَ : كَذَبْتَ مَالَكَ اِلٰى ذٰلِكَ مِنْ سَبِيْلٍ ، فَذَهَبَ لِيَقْطَعَهَا فَضَرَبَ بِهِ الْاَرْضَ وَخَنَقَهُ حَتّٰى كَادَ اَنْ يَقْتُلَهُ ثُمَّ قَالَ :

اَتَدْرِىْ مَنْ اَنَا ؟ اَنَا الشَّيْطَانُ ، جِئْتَ اَوَّلَ مَرَّةٍ غَضَبًا لِلّٰهِ فَلَمْ يَكُنْ لِىْ عَلَيْكَ مِنْ سَبِيْلٍ ، فَخَدَعْتُكَ بِالدِّيْنَارَيْنِ فَتَرَكْتَهَا ، فَلَمَّا جِئْتَ غَضَبًا لِلدِّيْنَارَيْنِ سُلِّطْتُ عَلَيْكَ .

ترجمہ:

حضرت امام حسن بصری رضی اللہ عنہ نے فرمایا:

ایک درخت کی اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر عبادت کی جاتی تھی تو ایک آدمی آیا اس نے کہا:

میں اس درخت کو کاٹ دوں گا پس وہ آدمی اس درخت کو جہاں شرک ہوتا ہے کاٹنے کے لئے آیا۔ اسکا یہ غصہ اللہ کے لئے تھا تو ابلیس ایک آدمی کی شکل میں ملا اس نے کہا:

کہاں کا ارادہ ہے؟ اس آدمی نے کہا: اس درخت کو کاٹنے لگا ہوں جس کی اللہ کو چھوڑ کر عبادت کی جاتی ہے ابلیس نے کہا:

جبکہ تم اس درخت کی عبادت نہیں کرتے تو جو اس کی عبادت کرتے ہیں اس کا تجھے کوئی نقصان نہیں۔ اس آدمی نے کہا:

